سوال

(611) مقتدی دوسری رکعت میں ملے اور امام پانچ رکعت پڑھے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص ظہر کی نماز میں امام صاحب کے ساتھ دوسری رکعت پالے اور امام چوتھی رکعت میں بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہو جائے اور پانچویں رکعت پڑھ کر سجدۂ سہو کرے تو مقتدی کی چار رکعت پوری ہو جائیں گی۔ کیا مقتدی کو پانچویں بعد میں پڑھنی پڑے گی یا امام کے ساتھ سلام پھیرنے پر نماز پوری ہو جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورتِ مسئولہ میں مقتدی کی نماز مکمل ہے۔ اسی پر اکتفاء کرے۔ کیونکہ بندے پر اصل فریضہ چار رکعت ہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:531

محدث فتویٰ